© rasailojaraid.com

# کتب خانہ عثمانیہ شمس آباد کے مخطوطات

اختر راہی

شمس آباد ضلع اٹک کا ایک معروف گاؤں ہے۔ ماضی قریب میں یہاں جو بلند پایہ علماء پیدا ہوئے ان میں قاضی محی الدین غلام جیلانی (م ۱۳۴۸ھ) اور مفتی محمد عمر (م ۱۳۷۶ھ) کے نام بہت نمایاں ھیں۔ مفتی محمد عمر مرحوم کے صاحبزادوں میں مفتی محمد عثمان صاحب اپنے تفقہ اور تبحر علمی کی وجہ سے عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھے جاتے ھیں۔ مفتی صاحب دارالعلوم دیوبند کے فاضل ھیں اور محکمہ تعلیم سے وابستہ ھیں۔ آج کل گورنمنٹ ھائی اسکول حضرو میں فرائض تدریس انجام دے رہے ھیں۔ علم دوست بزرگ ھیں۔ ان کے کتب خانے میں مطبوعہ کتابوں کے علاوہ چند مخطوطات بھی ھیں جن کا مختصر تعارف پیش کیا جاتا ہے۔

### ۱۔تفسیر حسنیی مواھب علیہ (فارسی)

تفسیر حسینی،حسین بن علی واعظ کاشفی (م ۹۱۰ھ) کی معروف تفسیر ہے۔ طبع ھوچکی ہے اور اس کے مخطوطات بکثرت ملتے ھیں۔ برصغیر پاک و ھند میں مقبول و متداول رھی ہے۔ مولانا فخر الدین قادری نے اردو میں ''تفسیر قادری،، کے نام سے ترجمہ کیا ہے۔

زیر نظر نسخہ میں متن قرآن خوبصورت خط نسخ میں لکھا گیا ہے اور تفسیر نستعلیق میں کتابت ھوئی ہے۔ آخر سے ناقص ہے اس لئے ترقیمہ موجود نہیں۔ اندازاً بارھویں صدی ھجری کا مکتوبہ نسخہ ہے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۲ رسالہ اخلاقی (فارسی)

پند و نصائح کے موضوع پر ۳۳ ورق کا منظوم رسالہ ہے۔ شکستہ آمیز نستعلیق خط میں کتابت ہوا ہے۔ کاتب کا نام درج نہیں البتہ سال کتابت ۱۲۲۳ھ درج ہے۔ حمد و نعت، منقبت چہار یار، مدح امام اعظم ابو حنیفہ رح کے بعد نصائح و پند بیان کئے گئے ہیں۔

۳۔ رسالہ فقہی (فارسی)

اٹھارہ صفحات کے منظوم رسالہ میں فقہی مسائل بیان کئے گئے ہیں۔ مؤلف (شاعر) نے نام نہیں لکھا۔ کاتب کا نام اور تاریخ کتابت بھی درج نہیں۔ ابواب کی تفصیل یہ ہے۔

باب در بیان طہارت کردن

باب در بیان سنت (سنن) وضو گویند

باب در بیان شکنندۂ وضو

باب در بیان سنت غسل گویند

باب در بیان فرائض تیمم گویند

باب دربیان واجبات نماز گویند

باب در بیان سجدۂ سہو گویند

باب در بیان سنت ہائے نماز گویند

باب در بیان روزہ گویند

۴۔ رشد المجالس (فارسی)

موسی بن محمد شون (؟) افغان کی تالیف ہے۔ موضوع کے بارے میں رقمطراز



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



هیں ''این چند نصائح دینی و مسائل شرعی که نافع عامه مسلمانان است بیان کردیم و رشد المجالس نام نهادیم'' - کتاب چند فصلوں میں تقسیم کی گئی ہے - حافظ شیخ محمد نامی کاتب نے کتابت کی ہے - سال کتابت درج نہیں ہے -

## ۵ - حاشیه شرح جامی(فارسی)

فوائد الضیائیه معروف به ''شرح جامی'' معروف درسی کتاب ہے - شرح جامی پر کئی حواشی لکھے گئے ہیں - زیر نظر نسخه خاندان شمس آبادی میں سے کسی کی تالیف ہے البته مؤلف (شارح) نے اپنا نام نہیں لکھا - اسی طرح کاتب کا نام اور تاریخ کتابت بھی درج نہیں کی گئی نسخه کے اکثر صفحات پر نوٹس لکھے گئے ہیں جو کسی مطالعه کرنے والے نے لکھے ہیں - زبان ساده اور سلیس ہے -

## ۶ - سبعیات (عربی)

مؤلف نے هفته کے سات دنوں کی نسبت سے کتاب کو سات مجالس میں تقسیم کیا ہے ان دنوں کے فضائل اور ان کی نسبت سے اهم واقعات بیان کئے ہیں - ترقیمهٔ کتاب کے الفاظ یه ہیں -

''تمام شد کتاب سبعیات از دست خط خام نویس فقیر حقیر خاکسار شرمسار امیدوار رحمة الله الغفار حافظ شیخ محمد غفر الله تعالی له و لوالدیه و احسن الیهما و الیه''

یه نسخه خوبصورت خط نسخ میں لکھا گیا ہے -

## ۷ - شرح عین العلم (فارسی)

عین العلم تصوف کی ایک معروف کتاب ہے جو محمد بن عثمان بن عمر



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بلخی کے رشحات قلم میں سے ہے۔ فخرالدین محب اللہ نے اس کی فارسی زبان میں شرح لکھی۔ شارح لکھتے ہیں۔

''میگوید بندہ عاصی کثیر المعاصی المحتاج الی اللہ فخر الدین محب اللہ کہ چوں در وصایای شیخ مشائخ ۔۔۔ عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ ۔۔۔ مرقوم بود کہ کتاب عین العلم را پیوستہ پیش چشم خود دارند و در سفر و حضر از خود جدا نکنند و اقتباس انوار و استفاضہ اسرار آن نمایند ۔۔۔ و از بسکہ این کتاب مستطاب تالیف علامہ وقت محمد بن عثمان بن عمر بلخی کہ متضمن حقائق سلوک و مناہج طریقت و مشتمل بر آداب شریعت و اسرار حقیقت و تفسیر کتاب عظیم و شرح سنت رسول کریم و دستور العمل سالکان صراط مستقیم و مقصود طالبان طریق قویم است ۔۔ ۔۔۔ این نیازمند ۔۔۔ بزبان فارسی شرح کند و در ایضاح مقصود و بالیدگی گلدستہ کو شد تا عامہ طالبان و جمہور سالکان ازان بہرہ مند و مستفید شوند ۔۔۔ در سالی کم و بیش این تحفۂ ارجمند ساخت،، (ص ۴ - ۵)

خوبصورت خط نستعلیق میں یہ نسخہ شیخ عبداللہ سوپوری نامی کاتب نے ۲۷ محرم ۱۲۰۷ھ کو مکمل کیا۔ کتابت خوبصورت اور اغلاط سے پاک ہے۔

شرح ''قال اقول،، کے انداز پر ہے۔ پہلے اصل متن سے ایک لفظ یا جملہ لکھا گیا ہے اور پھر اس کی تشریح و توضیح کی گئی ہے۔

## ۸ - عمدۃ الاسلام (فارسی)

خط نستعلیق میں لکھے ہوئے نسخہ ''عمدۃالاسلام،، کے مؤلف کا نام



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



متن میں نہیں آیا ۔ ترقیمہ کتاب یہ ہے ۔

''تمام شد کتاب عمدة الاسلام بروز پنج شنبہ بوقت ضحیٰ از دست خام نویس حافظ شیخ محمد غفراللہ تعالیٰ و لوالدیہ واحسن الیہما و الیہ''

فقہی مسائل کے بیان میں کتب صوفیاء سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔

**۹ ۔ مہمات المسلمین (فارسی)**

فقہ حنفی کے موضوع پر اس کتاب کے مؤلف کا نام معلوم نہیں ہو سکا ایجاز و اختصار سے مسائل بیان کئے گئے ہیں ۔ شکستہ آمیز نستعلیق میں لکھے گئے اس نسخہ پر کاتب کا نام یا تاریخ کتابت درج نہیں ۔ کتاب کی اغلاط بھی کثرت سے ہیں ۔



© rasailojaraid.com